سوال

پہلے تشہد میں درود

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا چار فرضوں کے درمیان والے تشہد میں درود شریف پڑھنا ضروری ہے؟ اس کے نہ پڑھنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے؟ کیا اللہ کے نبی ﷺ سے یہ بات ثابت ہے؟ حدیث سے وضاحت فرمائیں

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احادیث کے مطالعہ کے بعد راقم الحروف اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ دو تشہد والی نماز میں تشہد پڑھنا جائز بلکہ افضل ہے اور نہ پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس سلسلے میں ضروری وواجب والی کوئی بات نہیں۔ باطل کا فتوی لگانا خود باطل ہے۔۔ جواز کو جواز کی جگہ پر ہی رکھنا چاہیے۔ ان اجتہادی مسائل میں غلو کرنا انتہائی ناپسندیدہ بات ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص387

محدث فتویٰ